# اسلامیات

LMS ID: 39207

## سوال نمبر 7

مسلم اُمت کی حالت زوال کے اسباب کا جائزہ لیں۔ ان اسباب کو دور کرنے کے طریقے تجویز کریں؟

## مسلم اُمت کی حالت زوال کا تعارف:

مسلم اُمت کئی صدیوں سے زوال کا شکار ہوتی جارہی ہے چاہے وہ پھر علمی میدان ہو یا سیاسی، معاشی یا معاشرتی شعبہ زندگی ہو۔ مسلم امت کے زوال پذیر ہونے کی عملی مثال مسلم اکثریت ممالک کی حالت زار ہے۔ اس کے علاوہ عالمی رپورٹس میں بھی مسلم اکثریتی ممالک کی پسماندہ کارکردگی نظر آتی ہے چاہے پھر وہ رپورٹ کرپشن، بدعنوانی کی ہو یا انسانی ترقی کو ناپنے کا پیمانہ ہو۔ تو گویا ان سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مسلم امت کس قدر زوال کا شکار ہے۔

## مسلم اُمت کی حالتِ زوال کے اسباب:

مسلمان قوم کی حالتِ زوال کی سب سے بڑی وجہ اسلام کے صحیح معنی اور تعلیمات سے دوری اختیار کرنا ہے۔ اس کے علاوہ اسلامی تعلیمات کو اپنے مطلب کے مطابق ڈھال کر استعمال کرنا ہے۔ مسلم امت کی حالتِ زوال کی اسی بنیادی وجہ کی عملی اشکال کئی طرح کی ہیں جن کا جائزہ

ذیل میں لیا گیا ہے۔

## ۱۔ انتشار کی شکار امت:

مسلم قوم کے زوال کی اہم وجہ یہ ہے کہ مسلمانوں نے اسلام کے یکجہتی اور اتحاد کے اصولوں کو خیرآباد کر کے چھوٹے چھوٹے گروہ بنا لیئے ہیں۔ اس وجہ سے ہر ملک کے مسلمانوں کو دنیا ایک الگ نظریہ سے دیکھتی ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ آج تک دنیا کی آبادی کا اتنا بڑا حصہ ہونے کے باوجود مسلمان کشمیر، فلسطین، سوڈان، سیریا، یمن کے مسلمانوں کے مسائل حل کرنے میں ناکام رہے ہیں۔

## ۲۔ ذاتی مفادات کو ترجیح:

مسلمان امت کے زوال کی ایک اہم وجہ یہ بھی ہے کہ مسلمان ہر سطح پر امت کے مفادات پر ذاتی مفادات کو ترجیح دینے لگے ہیں خواہ وہ ذاتی ہوں یا ملکی۔ اگر مسلم ممالک کو دیکھا جائے تو اس چیز کا ادراک ہوتا ہے کہ کس طرح ممالک اور لیڈر اپنے ذاتی اور ملکی مفادات کو اسلام کی تعلیمات پر فوقیت دیتے ہیں۔ اس کی ایک مثال ابراہیم اکورڈ کی صورت میں نظر آتی ہے جس کے ذریعے عرب ممالک نے اسرائیل کے ساتھ اپنے تعلقات معمول پر قائم کیے ہیں۔

## ۳۔ مذہب کو اپنے مفادات کیلئے استعمال: / بذریعہ مذہب مفادات کا حصول:

بدلتے دور کے ساتھ اس چیز کو دیکھا گیا ہے کہ مسلمان کئی دفعہ مذہب کو اپنے مفادات کے حصول کیلئے استعمال کرتے ہیں جس کی وجہ سے لوگ مذہب کے اصل مقصد یعنی اس کی

تعلیمات پر عمل کرنے کی بجائے اس کو اپنے مفادات کے حصول کا ذریعہ سمجھ لیتے ہیں۔ سیاسی لیڈر اس کو سیاست میں کامیابی کے لیئے استعمال کرتے ہیں تو کچھ علماء اسے اپنے فالوور بڑھانے کے لیئے۔ غرض ہر انسان ذاتی سطح پر بھی اس سے فائدے حاصل کرنے کیلئے اس کو استعمال کرتا ہی ہے۔ اس وجہ سے اسلام کا اصل مقصد تو پورا نہیں ہوتا بلکہ ساتھ ساتھ ہی مسلمانوں کا دنیا پر ایک برا تاثر بھی جاتا ہے۔ یہ بھی مسلمانوں کے زوال کی ایک وجہ ہے۔

## ۴) اسلاموفوبیا:

اسلاموفوبیا یعنی مسلمانوں سے اور اسلام سے نفرت کی بھی کچھ اہم وجوہات یہی ہے کہ مسلمان بعض اوقات اسلام کو اپنے مقاصد کیلئے استعمال کرتے ہیں جس سے ان کے اعمال اسلام کی صحیح نمائندگی نہیں کرتے۔ اس سے اسلام کا غلط تاثر دنیا پر پڑتا ہے اور لوگ اسلام اور اس کے ماننے والوں سے متنفر ہو جاتے ہیں۔ اسی وجہ سے غیر مسلم مسلمانوں کے ساتھ کسی بھی قسم کے تعلق سے پرہیز کرتے ہیں جس سے مسلمان سیاسی، معاشی طور پر دنیا سے پیچھے رہ جاتے ہیں۔